# 149192 ـ خاوند كی بیماری كی بنا پر اجازت لینے میں مشكل كی بنا پر بغیر اجازت گھر سے بیوی كا جانا

**سوال**

كیا بیوی بغیر محرم سفر كر سكتی ہے، اور خاوند كی اجازت كے بغیر جا سكتی ہے، یہ علم میں رہے كہ خاوند مریض ہے اور علاج كے لیے گیا ہوا ہے، اور مرض كی بنا پر نیند میں ہے اور جواب نہیں دے سكتا، اور یہ بھی كہ كیا بیوی كسی بھی جگہ جا سكتی ہے یا نہیں ؟
اللہ تعالی آپ كو جزائے خیر عطا فرمائے، اور اسے آپ كی میزان حسنات میں شامل كرے.

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اول:

عور ت كے لیے بغیر محرم سفر كنا جائز نہیں؛ كیونكہ رسول كریم صلی اللہ علیہ وسلم كا فرمان ہے:

" كوئی بھی عورت محرم كے بغیر سفر مت كرے، اور كوئی بھی شخص اس كے پاس مت آئے الا یہ كہ عورت كے ساتھ اس كا محرم ہو.

ایك شخص نے عرض كیا: اے اللہ تعالی كے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں تو فلان فلان لشكر میں جانا چاہتا ہوں اور میری بیوی حج كرنا چاہتی ہے ؟

رسول كریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" تم اس كے ساتھ جاؤ "

صحیح بخاری حدیث نمبر ( 1862 ).

اور امام مسلم رحمہ اللہ نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت كیا ہے كہ نبی كریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" جو عورت بھی اللہ تعالی اور یوم آخرت پر ایمان ركھتی ہے اس كے لیے ایك دن كی مسافت كا سفر بغیر محرم كرنا

حلال نہيں "

صحيح مسلم حديث نمبر ( 1339 ).

كئى علماء كرام نے بيان كيا ہے كہ فقہاء كرام بغير محرم عورت كے سفر كرنے كى ممانعت پر متفق ہيں، ليكن كچھ ايسے مسائل ہيں جن ميں يہ مستثنى ہوگا:

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ بيان كرتے ہيں:

" بغوى رحمہ اللہ كا قول ہے: اس ميں اختلاف نہيں كہ غير فرضى ( فرضى حج كے علاوہ ) كام ميں عورت كے ليے بغير محرم سفر كرنا جائز نہيں، يعنى اس كے ساتھ اس كا خاوند ہو يا پھر محرم.

مگر وہ كافرہ عورت جو دار الحرب ميں مسلمان ہوگئى يا پھر قيدى تھى كہ قيد سے چھوٹ گئى ان كے علاوہ دوسروں نے يہ بھى زائد كيا ہے كہ: يا وہ عورت جو اپنے رفقاء سے بچھڑ گئى اور اس نے كسى مامون شخص كو پايا تو اس كے ليے اس كے ساتھ اپنے رفقاء تك جانا جائز ہوگا " انتہى

ديكھيں: فتح البارى ( 4 / 76 ).

دوم:

اصلا تو عورت خاوند كى اجازت كے بغير گھر سے باہر نہيں نكل سكتى، اور اگر خاوند سے اجازت لينى مشكل ہو جائے تو پھر عورت اپنى ضروريات وغيرہ كے ليے بغير كسى سفر كے گھر سے باہر جا سكتى ہے.

ليكن اس ميں بھى اسے ايسى جگہ نہيں جانا چاہيے جہاں اس كا خاوند اس كے جانے كو ناپسند كرتا ہو.

مزيد فائدہ كے ليے آپ سوال نمبر ( 83360 ) كے جواب كا مطالعہ كريں.

واللہ اعلم .